مطبوعات

آفتابِ ہجویر | مصنف: پیامِ شاہجہانپوری۔ ناشر: ملک سراج الدین اینڈ سنز پبلشرز کشمیری بازار لاہور۔ قیمت دو روپے۔

زیرِ نظر کتاب پانچویں صدی ہجری کے مشہور بزرگ حضرت سید ابوالحسن علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کا ایک مختصر تذکرہ ہے جسے فاضل مصنف نے کافی محنت سے مرتب فرمایا ہے۔ کتاب کو تین ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلا باب سوانح پر مشتمل ہے جس میں آپ کے نام و نسب، جائے پیدائش، خاندانی حالات، تعلیم و تربیت اور سیاحت وغیرہ کے حالات جمع کیے گئے ہیں۔ دوسرے باب میں آپ کے ورودِ لاہور سے لے کر آپ کی وفات تک کے حالات جمع کیے گئے ہیں۔ اور تیسرے باب میں آپ کے افکار و نظریات پیش کیے گئے ہیں۔ یہ باب مصنف کی اپنی تصریح کے مطابق کشف المحجوب کے ان ابواب کا خلاصہ ہے جو تصوف اور علمِ اخلاق سے متعلق ہیں۔ اگر کتابت کی غلطیوں سے صرفِ نظر کر لیا جائے تو کتاب کا معیار کتابت و طباعت اچھا ہے۔

اسلام اور اصولِ حکومت | مصنف: علی عبدالرزاق۔ مترجم ف۔ م ماجد۔ ناشر الجدید۔ المنار مارکٹ چوک انارکلی۔ لاہور۔

زیرِ نظر کتاب اس لحاظ سے بڑی دلچسپ ہے کہ اس میں دو مختلف بلکہ متصادم طرزِ فکر بیک وقت کام کر رہے ہیں۔ کتاب کے مصنف شیخ عبدہٗ کے شاگرد، جامعہ ازہر کے فاضل اور مصر کے محاکم شرعیہ کے قاضی جناب علی عبدالرزاق ہیں جنھوں نے برسوں کی محنت کے بعد یہ کتاب الاسلام و اصول الحکم مرتب فرمائی ہے۔ کتاب کی تالیف اس زمانے میں کی گئی جب ترکی میں خلافتِ عثمانیہ کا خاتمہ ہو چکا تھا۔ مسلمانانِ عالم مادی بالادستی سے پہلے ذہنی